## سوال

گوبر سے لپائی کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گھروں میں لپائی کرتے وقت عموماً عورتیں بعض اوقات صرف گوبر و بعض اور گوبر و مٹی کا استعمال کیا کرتی ہیں۔ کیا بروئے شریعت ایسے فرش پر گیلا ہو خواہ خشک نماز جائز ہے۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گوبر حنفی مذہب میں پاک نہیں ۔ مگر حدیث سے اس کی طہارت ثابت ہے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں : صلوافي مرابض الغنم یعنی بکریوں کے واڑہ میں نماز پڑھو۔ اس سے معلوم ہوا کہ ماکول اللحم چارپایہ کا گوبر پیشاب پاک ہے ایک حدیث میں ہے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند آدمیوں کو جو مدینہ میں آ کر بیمار ہو گئے فرمایا : کہ تم اونٹوں کا پیشاب اور دودھ پیو۔ وہ شفایاب ہو گئے ۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ ماکول اللحم چارپایہ کا بول گوبر پاک ہے ۔ کیونکہ حرام کے ساتھ دوا سے آپ نے منع فرمایا ہے ۔ اگر گوبر ناپاک ہوتا تو آپ اس کے ساتھ علاج کرنیکی بابت ارشاد نہ فرماتے ۔ نیز مشکوۃ باب تطہیر النجاسات میں ہے لاباس ببول مایوکل لحمہ یعنی ماکول اللحم کے بول کے ساتھ کوئی ڈر نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت، پانی کا بیان، ج1ص242